نیو یارک سٹیٹ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ

حساب
سکور رپورٹ
14-2013

نیو یارک سٹیٹ ٹسٹنگ پروگرام
آپ کے بچے کے 14-2013 میں حساب کے نتائج

برائے والدین یا گارجین: **طالب علم کا پہلا نام طالب علم کا آخری نام**

طالب علم کی مقامی آئی ڈی: 000000000
تشخیص کردہ گریڈ: 4
سکول: **سکول کا نام**
بی ای ڈی ایس (BEDS) کوڈ: 999999999999

عزیز والدین/گارجین،

ہر بہار میں درجات 3-8 تک کے طلبہ انگلش لینگویج آرٹس (ELA) اور حساب میں نیو یارک سٹیٹ ٹسٹنگ پروگرام میں حصہ لیتے ہیں، جو ابتدائی اور سکنڈری ایجوکیشن ایکٹ (ESEA) کے ذریعہ مطلوب ہے۔ ان ٹسٹوں کے سکور طالب علم کی کارکردگی سمجھنے کے لئے والدین اور معلموں کو ایک راستہ دکھا دیتے ہیں۔ تاہم، ان ٹسٹوں کے نتائج بچے کی پوری کہانی نہیں بتاتے کہ وہ کیا جانتا اور کرسکتا ہے۔ درجہ 3-8 کے ای ایل اے اور حساب کے ٹسٹ نتائج تشخیصی مقاصد سے فراہم کئے جاتے ہیں اور انہیں آپ کے بچے/بچی کی آفشیل ٹرانسکرپٹ یا پرمانینٹ سٹوڈنٹ رکارڈ میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔

یہ رپورٹ آپ کے بچے/بچی کے حاصل کردہ سکور کی وضاحت کرتی ہے اور آپ کے بچے کی مدد کے لئے دستیاب وسائل کی تفصیل بتاتی ہے۔ ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ اپنے بچے کے اساتذہ اور دیگر تعلیمی اہلکاروں سے بات کرتے وقت اس رپورٹ کو ضرور سامنے رکھیں۔ اگر آپ کے پاس کچھ سوالات ہیں یا آپ اس سال کے ٹسٹ میں اپنے بچے کی کارکردگی کے سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے پرنسپل یا سکول کے ذمہ داروں سے رابطہ کریں۔

حساب میں اپنے بچے کی ترقی کے بارے میں بات کرنے کے لئے اس رپورٹ کو استعمال کریں۔

اس رپورٹ اور اضافی معلومات کے ترجمہ شدہ ایڈیشن مندرجہ ذیل زبانوں میں دستیاب ہیں:

چینی	中文
ہیتی کریول	Kreyòl ayisyen
کوریائی	한글
روسی	Русский
ہسپانوی	Español

http://www.p12.nysed.gov/assessment/ei/eigen

آپ کے بچے کے ٹسٹ نتائج

14-2013 کے ٹسٹ نتائج: درجہ 4 حساب

سکیل سکور	**X**
کارکردگی کی سطح	**X**
مجموعی سٹیٹ پرسنٹائل رینک*	**X**

*ٹسٹ میں آپ کے بچے کا سکور پوری ریاست سے ٹسٹ میں حصہ لینے والے تمام طلبہ کا X فیصد کے برابر یا اس سے زیادہ تھا۔

14-2013 حساب میں سکیل سکور کے حدود:

این وائی ایس لیول 4:	**X-X**
این وائی ایس لیول 3:	**X-X**
این وائی ایس لیول 2:	**X-X**
این وائی ایس لیول 1:	**X-X**

چارٹ

13-2012 کے ٹسٹ نتائج: درجہ 3 حساب

کارکردگی کی سطح	**X**

این وائی ایس لیول 1	**این وائی ایس لیول 2**	**این وائی ایس لیول 3**	**این وائی ایس لیول 4**
اس لیول کی کارکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں پختہ سے کمتر ہوتے ہیں۔ وہ حساب کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی-12 کامن کور تعلیمی معیاروں میں محدود معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں جنہیں اس درجہ کی توقعات کے لئے ناکافی مانا جاتا ہے۔	اس لیول کی کاکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں جزوی پختگی کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ حساب کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی-12 کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے جزوی مگر ناکافی مانا جاتا ہے۔ لیول 2 کی کارکردگی کرنے والے طلبہ نیو یارک ہائی سکول گریجویشن کی موجودہ مطلوبات کی تکمیل کرنے والے مانے جاتے ہیں لیکن پھر بھی وہ اس درجہ کے کامن کور تعلیمی معیاروں کے لئے پختہ تسلیم نہیں کئے جاتے۔	اس لیول کی کارکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں میں پختہ ہوتے ہیں۔ وہ حساب کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی-12 کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے تشفی بخش مانا جاتا ہے۔	اس لیول کی کارکردگی کرنے والے طلبہ اپنے درجہ کے معیاروں پر فائق ہوتے ہیں۔ وہ حساب کے لئے نیو یارک سٹیٹ پی-12 کامن کور تعلیمی معیاروں میں معلومات، مہارتوں اور کاموں کا عملی مظاہرہ اس حد تک کرتے ہیں کہ انہیں اس درجہ کی توقعات کے حساب سے تشفی بخش سے زیادہ مانا جاتا ہے۔

سال 2022 کی کلاس (کے طلبہ جو پہلے 2018-19 کے تعلیمی سال میں درجہ 9 میں جائیں گے) طلبہ کا وہ پہلا گروپ ہوگا جسے کالج وکریئر ریڈینس کی معیاری سطح پر کامن کور ریجنٹس امتحانات پاس کرنے ہوں گے، جو اشارہ کریں گے کہ وہ کامن کور کورس کی مطلوبہ سطح پر کھڑے اترتے ہیں
(دیکھیں http://www.regents.nysed.gov/meetings/2014/February2014/214p12d4.pdf)

سکول: سکول کا نام
طالب علم کی آئی ڈی: 000000000
تشخیص کردہ گریڈ: 4

طالب علم کے حساب کے سکور کی مزید تفصیلات

طالب علم کا پہلا نام X طالب علم کا آخری نام

حساب کامن کور ڈومین اور آپ کے بچے کے نتائج سے متعلق:

حساب کے لئے نیو یارک سٹیٹ کامن کور تعلیمی معیار (CCLS) بیان کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ہر درجہ لیول میں کیا جاننا چاہئے اور کیا کچھ کرنے کا اہل ہونا چاہئے۔ یہ سیکشن ایسے سوالات پر آپ کے بچے کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹ کے نمبرات دکھاتا ہے جو معیاروں کے ان تین شعبوں کی جانچ کرتا ہے جن پر اس درجہ میں زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔ موازنے کے لئے، آپ کو معیاروں کے ان تین شعبوں کی جانچ کرنے والے سوالات میں ریاست بھر کے طلبہ کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹ کا اوسط نمبر بھی ملے گا۔

حساب کامن کور ڈومین تاکید کردہ مجموعوں کے ساتھ	آپ کے بچے/بچی کے ذریعہ حاصل کردہ پوائنٹ	ممکنہ پوائنٹ کا نمبر	نیو یارک میں حاصل کردہ اوسط پوائنٹ
آپریشنز اور الجبرائی سوچ طلبہ چار آپریشنز – جوڑ، گھٹاؤ، ضرب اور تقسیم – پرابلم حل کرنے بشمول ملٹی سٹیپ ورڈ پرابلم سلجھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ طلبہ ایک نامعلوم مقدار کی علامت والی تصاویر اور مساوات کی مدد سے پرابلم سلجھاتے ہیں اور بقیہ کی ترجمانی کرتے ہیں۔ طلبہ 1-100 تک کے سالم اعداد کو تقسیم کرتے ہیں اور ساتھ ہی معینہ ضابطے کی پابندی کرتے ہوئے نمبر یا خاکہ کا پیٹرن بھی بناتے ہیں۔			
نمبر اور آپریشنز بیس ٹین میں طلبہ کثیر عددی سالم اعداد کی پلیس ویلیو کو اچھی طرح سمجھتے ہیں، وہ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ایک کثیر عددی سالم عدد میں کسی جگہ پر موجود ایک عدد اپنے دائیں طرف موجود عدد سے دس گنا کی نمائندگی کرتا ہے۔ طلبہ بیس ٹین گنتیوں، عدد کے ناموں اور توسیع شدہ شکلوں کی مدد سے کثیر عددی سالم اعداد کو پڑھتے اور لکھتے ہیں نیز کثیر عددی سالم اعداد کو کسی بھی جگہ گھمانے کے لئے پلیس ویلیو کی سمجھ کا استعمال کرتے ہیں۔			
نمبر اور آپریشنز – کسری اعداد طلبہ مساوی کسری اعداد کو تلاش کرتے ہیں اور مماثل نسب نما والے کسری اعداد کو مخالف نسب والے کسری اعداد سے موازنہ کرتے ہیں۔ طلبہ کسری اعداد اور مختلط اعداد کو جوڑتے اور گھٹاتے ہیں، کسری عدد کو سالم عدد سے ضرب کرتے ہیں اور کسری عدد کو دوسرے کسری عدد سے ضرب کرتے ہیں۔ طلبہ کسری اعداد والے ورڈ پرابلم سلجھاتے ہیں۔			

آئندہ کیا کرنا ہے؟

یہ رپورٹ 2013-14 میں نیو یارک سٹیٹ حساب کے امتحان میں آپ کے بچے/بچی کے سکور کی وضاحت کرتی ہے۔ ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنے بچے/بچی کے اساتذہ اور دیگر معلموں کے ساتھ کام کریں تاکہ مل بیٹھ کر ایسا منصوبہ تیار کیا جاسکے جو خاص طور پر یہ ہدف بنائے کہ آپ کا بچہ کیا سیکھتا ہے اور وہ کیسے زیادہ اچھا سیکھتا/سیکھتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے مجموعی سکور یا 4تھے درجے کی حساب کی مہارتوں (آپریشنز اور الجبرائی سوچ، نمبر اور آپریشنز بیس ٹین میں، اور نمبر اور آپریشنز - کسری اعداد) میں اپنے بچے کی کارکردگی سے تشویش میں ہیں تو ہم کہیں گے کہ آپ:

- اپنے بچے کے حساب کے ٹیچر سے پوچھیں کہ آپ کے بچے کے لئے کون سی مہارت سب سے زیادہ پریشان کن ہے۔
- اپنے بچے/بچی کے ساتھ اس کے حساب کے کلاس ورک اور ہوم ورک پر نظرثانی کریں تاکہ پتہ چلے کہ آیا وہ ان مہارتوں میں آگے بڑھ رہا/رہی ہے۔
- اپنے بچے کے حساب کے ٹیچر اور/یا پرنسپل سے بات کریں یہ دیکھنے کے لئے کہ آیا آپ کے بچے کو ان مہارتوں میں سدھار کے لئے اضافی و خصوصی تعاون کی ضرورت تو نہیں۔
- اپنے بچے کے لئے اضافی تعاون حاصل کرنے کے لئے حسب ضرورت وکالت کریں۔ ایسے تمام طلبہ جن کی کارکردگی کی سطح این وائی ایس سطح 1 یا این وائی ایس سطح 2 ہے، وہ اپنے اسکول کی جانب سے اکیڈمک انٹروینشن سروسز (AIS) کے لئے اہل ہیں۔

مزید معلومات کے لئے، ان نتائج پر اپنے بچے کے معلمین سے تبادلہ خیال کیجئے یا EngageNY.org کا خاص طور سے والدین اور فیملی وسائل صفحہ وزٹ کریں (http://www.engageny.org/parent-and-family-resources) جہاں آپ کو مندرجہ ذیل امور میں اضافی وسائل ملیں گے:

- کامن کور ریاستی معیار
- نیو یارک سٹیٹ کامن کور تشخیص
- اپنے بچے کے سکور کو کیسے سمجھیں
- کامن کور میں طلبہ کی تعلیم میں مدد کرنے کے لئے ان کے والدین کیا کرسکتے ہیں